سوال

(234) کیا سید کی لڑکی سے پٹھان شادی کر سکتا ہے۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سید کی لڑکی سے پٹھان شادی کر سکتے ہیں یا نہیں؟ قرآن وحدیث سے اس کا جواب مدلل ومفصل مرحمت فرمایا جائے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کیا سید کی لڑکی سے پٹھان لوگ شادی کر سکتے ہیں۔ اگر لڑکی اور لڑکا کا ولی دونوں اس شادی سے راضی ہوں اس کی ناجوازی کسی آیت اور حدیث سے ثابت نہیں ومن داعی فعلیہ البیان۔

قرآن مجید سے صرف اس قدر ثابت ہے کہ نکاح میں زوج اور زوجہ یعنی ان دو شخصوں کا جن کی باخودہا شادی کی جائے باہم کفو یعنی مثل اور نظیر ہونا دو امروں میں ضروری ہے۔

1۔ یہ کہ وہ دونوں آدمی ہوں پس آدمی کا نکاح غیر آدمی سے مثلاً جنیہ سے درست نہیں ہے۔

وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا ... سورة النحل ۷۲

(اور اللہ نے تمھارے لیے خود تمھی میں سے بیویاں بنائیں)

2۔ یہ کہ وہ دونوں مسلمان ہوں یا مرد مسلمان اور عورت کتابیہ ہو پس مرد مسلمان کا نکاح عورت مشرکہ سے یا عورت مسلمہ کا نکاح مرد مشرک سے صحیح نہیں ہے۔ اسی طرح عورت مسلمہ کا مرد کتابی سے صحیح نہیں۔

وَلَا تَنكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ ۚ وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ ۗ وَلَا تُنكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا ... سورة البقرة ۲۲۱

(اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو۔ یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں اور یقیناً ایک مومن لونڈی کسی بھی مشرک عورت سے بہتر ہے خواہ وہ تمھیں اچھی لگے اور نہ (اپنی عورتیں) مشرک مردوں کے نکاح میں دو یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں)

وَالْمُحصَنٰتُ مِنَ الْمُؤمِنٰتِ وَالْمُحصَنٰتُ مِنَ الَّذينَ أوتُوا الكِتٰبَ مِن قَبلِكُم ۝ ... سورة المائدة

(اور مومن عورتوں میں سے پاک دامن عورتیں اوران لوگوں کی پاک دامن عورتیں جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی) کتبہ محمد عبداللہ (21/ربیع الاول 1332ھ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ: 421

محدث فتویٰ